
# قرآنی سورتوں کے عملیات مجرب




# ABDUL SHAKUR FAISAL

# عبدالشکور فیصل

# 0300-9411787

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہ



وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (الاسراء 82)

# قرآنی سورتوں کے عملیات مجرب

# آخری سورتوں کے خواص

## سورۃ الفاتحۃ

| | |
|---|---|
| اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ o | میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں مردود شیطان سے |
| بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے |
| اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ o اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ o صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ لا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ o | تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ جو تمام کائنات کا رب ہے۔ رحمان اور رحیم ہے۔ روزِ جزا کا مالک ہے۔ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھا، اُن لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا، جو معتوب نہیں ہوئے، جو بھٹکے ہوئے نہیں ہیں۔ |

## خواص سورۃ فاتحہ

-1 بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o کا میم اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا کر پڑھیں یعنی مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھیں اور کم از کم سات بار پڑھ کر کسی مریض پر دم کریں جو وبائی بیماری میں گرفتار ہو تو اللہ تعالیٰ اسے شفا دے گا۔

-2 کسی بھی مریض پر مذکورہ بالا ترکیب سے روزانہ 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے (اگر اس کی موت کا وقت نہ ہو تو) شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o کا میم اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا کر پڑھیں یعنی مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھیں۔ مجرب ہے۔

-3 فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بھی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o کا میم اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا کر پڑھیں یعنی مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھیں۔ 41 مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ فقیر کو غنی، مقروض کو قرض سے نجات دیتا ہے، کمزور کو قوی اور بیمار کو صحت یابی عطا کرتا ہے۔ اگر عقیدے کے ساتھ پڑھی جائے تو گمشدہ شخص واپس آ جاتا ہے۔ بے اولاد کو اللہ تعالیٰ اولادِ صالح عطا فرماتا ہے۔ اوّل و آخر کم از کم تین مرتبہ درود شریف اور زیادہ سے زیادہ 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں، اگر کسی کا عہدہ چھن گیا ہو یا ملازمت ختم ہوگئی ہو وہ بھی اسی ترکیب سے بلاناغہ چالیس دن پڑھے تو اس کا عہدہ اور ملازمت دوبارہ

حاصل ہو جائے گی۔(انشاءاللہ العزیز)

-4 ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ فاتحہ پختہ یقین کے ساتھ پڑھنے سے انسان دین و دنیا کی تمام آفتوں سے محفوظ رہتا ہے۔سات مرتبہ کسی روئی کے پھائے پر دم کر کے زخم پر رکھنے سے زخم اچھا ہو جاتا ہے۔

-5 ہر نماز کے بعد بیس 20 مرتبہ پڑھنے سے روحانی ترقی حاصل ہوتی ہے۔اور اللہ تعالی اپنے انوار کا دروازہ بندے پر کھول دیتے ہیں،پابندی سے پڑھنا شرط ہے۔

-6 کسی بھی جائز مقصد کے لئے مندرجہ ذیل ترکیب سے پڑھیں۔انشاءاللہ اس مقصد میں کامیابی ملے گی۔فجر کی نماز کے بعد تیس 30 بار ظہر کی نماز کے بعد پچیس 25 بار عصر کی نماز کے بعد بیس 20 بار مغرب کی نماز کے بعد پندرہ 15 بار عشاء کی نماز کے بعد دس 10 بار پڑھتے وقت اپنا مقصد ذہین میں رکھے اور کسی سے گفتگو نہ کرے۔

-7 جو آدمی کمر کے درد میں مبتلا ہو اگر پابندی سے یہ سورہ پڑھتا رہے تو انشاءاللہ شفا پائے گا۔

-8 مٹی کے کورے پیالے میں پانی بھر کر چالیس 40 بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس میں دم کر دیں اور جس بیمار کے دونوں ہاتھ،پاؤں اور سر دھلائیں۔یا پانی ملا کر غسل دیں اللہ کے فضل و کرم سے صحت پائے گا۔ (مجرب ہے)

-9 اگر بچھو ڈنک مار دے تو ایک پیالے میں پانی لیکر اسمیں ایک چھوٹی سی ڈالی نمک کی ڈالدیں۔پھر سورہ فاتحہ سات بار پڑھ کر دم کر کے وہ پانی اُس کو پلا دیں جس کو ڈنک لگا ہو۔انشاءاللہ وہ اچھا ہو جائے گا۔

-10 اگر کوئی شخص بخار میں مبتلا ہے تو تھوڑی سی پاک روئی ہاتھ میں لے کر پھر گیارہ 11 مرتبہ درود شریف اور سات بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کر دے اور اس روئی کو بیمار کے دائیں کان میں ٹھونس دے۔اس کے بعد دوسری روئی لے کر پانچ 5 بار اس پر سورہ فاتحہ دم کر کے بائیں کان میں ڈال لیں اس کے بعد گیارہ 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔دوسرے دن عین اس وقت جبکہ اس نے پہلے دن روئی کانوں میں ڈالی تھی دائیں کان کی بائیں میں اور بائیں کان کی دائیں میں ڈال لے یعنی روئی تبدیل کر دے انشاءاللہ بخار رفع ہو جائے گا۔

-11 سورۃ فاتحہ روزانہ ایک سو گیارہ 111 بار پڑھ کر بیڑی اور ہتھکڑی پر دم کرنے سے قیدی رہائی پاتا ہے۔

-12 صبح صادق کے وقت ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرے پر پھرنے سے اس دن پیاس کا غلبہ نہیں ہوگا۔انشاءاللہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ o اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ o صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ لا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَ لَا الضَّآ لِّیْنَ o اٰمِیْنَ

13- اگر صبح کی نماز کے بعد سورۃ فاتحہ کے حروف کی تعداد کے برابر یعنی ایک سوپچیس 125 بار پڑھا جائے تو بغیر کسی شک وشبہ کے مطلوب کا حصول ہوگا۔ { ☆ } پڑھتے وقت توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہونی چاہیے۔ جس مقصد کے لئے ہو اس کا خیال ذہن میں ہو۔ انشاء اللہ کامیابی ہوتی ہے۔ مجرب در مجرب ☆

14- جن فرشتوں اور قلوب انسانی کی تسخیر کے لئے اور ہر شر کے دفع کرنے اور ہر خیر کے حاصل کرنے لئے سورۃ فاتحہ کا اس ترتیب سے پڑھنا نہایت مفید ہے۔ طریقہ نماز فجر یا رات میں بسم اللہ سے شروع کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1- | اتوار | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ☆ | 616 | چھ سو سولہ بار |
| 2- | پیر | الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ☆ | 619 | چھ سو انیس بار |
| 3- | منگل | مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ☆ | 642 | چھ سو بیالیس بار |
| 4- | بدھ | اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ☆ | 856 | آٹھ سو چھپن بار |
| 5- | جمعرات | اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ☆ | 1073 | ایکہزار تہتر بار |
| 6- | جمعہ | صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ☆ | 837 | آٹھ سو سینتیس |
| 7- | ہفتہ | غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ☆ | 4233 | چار ہزار دو سو تینتیس بار |

☆ شرط یہ ہے کہ کسی کے خلاف نہ پڑھا جائے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ وَاِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ☆

15- کسی مصیبت یا آفت یا بیماری وغیرہ کے دفع کے لئے گیارہ ہزار 1100 مرتبہ صرف اس آیت کریمہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o سات 7 دن تک برابر پڑھنا اس فقیر کا تب کا بار ہا کا مجرب ہے، ایسے ایسے فوجداری مقدمہ اس آیت کریمہ کی برکت سے فتح ہوئے۔

16- دولت کی ترقی کے لئے ایک سو اکیس 121 مرتبہ الحمد شریف معہ بسم اللہ کے پڑھنا عشاء کی نماز کے بعد نہایت مفید ہے۔ مگر جس وقت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ o پر پہنچے تب اتنا جملہ تین بار کہے مِثْلَ دَاوٗدَ وَ سُلَیْمٰانَ وَ یُوْسُفَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ پھر غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ

وَلَا الضَّآلِّيْنَo پڑھکر الحمد شریف ختم کرے اس طرح ہر ایک دفعہ میں کہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس 41 دن میں مال میں برکت تجارت میں برکت وترقی ہو جائے گی اور اگر کسی کو اولاد کے لئے کرنا ہے تو وہ شخص بھی اسی طرح عمل کرے مگر وہ بعد آیت صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْo کے مِثْلَ اِبْرَاهِيْمَ وَ يَعْقُوْبَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُo کا جملہ تین دفعہ کہے اور جس شخص کے اولاد ہو مگر بیٹا نہ ہو تو وہ بعد صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْo مِثْلَ زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ o کا جملہ تین بار کہے انشاء اللہ ہر ایک شخص مراد کو پہنچے گا۔ یہ عمل نہایت پرزور با اثر ہے۔ پڑھنے والا مضبوط بھروسہ سے پڑھے بلا شک کامیاب ہوگا۔

## خواص سورۃ والضحیٰ

1- اس سورہ کی ایک مجرب خاصیت یہ ہے کہ اگر کسی کوئی چیز گم ہو جائے تو کم از کم سات دنوں تک روزانہ اس کو سات بار پڑھ کر شہادت کی انگلی اپنے سر کے گرد پھرائے اور اس کے بعد سات بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ گیا ہوا مال واپس مل جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَصْبَحْتُ فِي جِوَارِ اللّٰهِ اَمْسَيْتُ فِي اَمَانِ اللّٰهِ وَ اَصْبَحْتُ فِي جِوَارِ اللّٰهِ۔

2- اگر کسی کا لڑکا لڑکی یا خادم بھاگ گیا ہو تو ایک نشست میں یا متعدد نشستوں میں اس سورۃ کو دو ہزار 2000 بار پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔

3- سب سے پہلے سورۃ والضحیٰ کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس طرح کہ بعد نماز عشاء ہر روز گیارہ 11 بار اکتالیس 41 رات تک بلا ناغہ پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اس کے بعد بوقت ضرورت اگر کسی کا مال گم ہو گیا ہو تو سات دفعہ پڑھ کر دم کرے اور چادر یا رومال کے کنارے پر گانٹھ دے اور مال گمشدہ والا گانٹھ نہ کھولے بلکہ تین دن تک انشاء اللہ مال مل جائے گا۔ مال مل جائے تو عامل کے پاس جائے وہی گانٹھ کھولے گا۔ بغیر زکوٰۃ کے کام نہ ہوگا۔

4- سات بار پان کے پتہ پر سورۃ والضحیٰ پڑھ کر دم کر کے محبوب کو کھلائے انشاء اللہ فریفتہ ہوگا اور محبت میں اضافہ ہوگا۔

5- برائے مفرور و شئے گمشدہ سورۃ والضحیٰ کا اکتالیس 41 بار پڑھنا مجرب ہے۔ اور بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کے لئے سورۃ والضحیٰ لکھے اس طریقہ سے وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ☆ کے بعد بھاگے ہوئے کا نام مع ماں کے نام کے لکھے اس کے بعد تمام سورۃ لکھے اور لکھے ہوئے کو قرآن شریف میں رکھ لے اور سورۃ والضحیٰ بعد نماز عشاء اکتالیس 41 بار پڑھے۔ روزانہ جب تک بھاگا ہوا واپس نہ

آجائے۔مجرب ہے۔

## خواص سورۃ الم نشرح

-1 اس سورۃ کو پڑھ کر سینے پر دم کرنے سے قلب کی تنگی اور دل کا درد دور ہو جاتا ہے۔

-2 اگر کوئی مال خریدے اور اس پر تین مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر دم کرے تو مال میں برکت ہوگی۔

-3 اگر کسی کو گٹھیا کا عارضہ ہو تو یہ سورۃ باوضو ہو کر لکھے اور گلے میں ڈال لے۔انشاء اللہ مرض میں افاقہ ہو جائے گا۔

-4 جو کوئی اس سورۃ کو تین بار، سورۃ فاتحہ ایک بار اور سورۃ اِنَّا اَنْزَلْنَا گیارہ بار پڑھے انشاء اللہ اس پڑھنے سے بڑے معرکے میں اللہ تعالیٰ فتحیاب کرے گا۔

-5 سورۃ الم نشرح چینی کی طشتری یعنی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر پینے سے اختلاج اور گھبراہٹ دور ہوتی ہے اور پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔جس کی یاداشت کمزور ہو وہ دیسی روشنائی سے کاغذ پر لکھ کر پیئے۔

-6 جو آدمی ہر نماز کے بعد 5 یا 7 یا 11 مرتبہ اس کی تلاوت کرے۔اللہ تعالیٰ اس کی ہر مشکل آسان کرے گا اور اسے ایسے ذریعوں سے روزی دے گا جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوگا۔

-7 جب کوئی سخت مشکل آن پڑے تو مندرجہ ذیل طریقے پر عمل کرے۔ وضو کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھیں اس کے بعد قبلہ رخ ہو کر سورۃ الم نشرح ایک سو باون بار پڑھے۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔(پہلی رکعت میں الحمد کے بعد لم نشرح دوسری میں اذا جاء نصر)

-8 اس سورۃ میں نو " کاف " ہیں۔اگر کسی کو بخار ہو تو کالا دھاگہ کچے سوت کا لیکر اس پر الم نشرح سورۃ پڑھے اور جب کاف پر پہنچے تو ایک گرہ باندھ دیں اس طرح نو گرہیں لگیں گی اب اس دھاگے کو مریض کی بائیں کلائی پر باندھ دیں بخار اُتر جائے گا۔انشاء اللہ

-9 سورۃ الم نشرح 17 بار اس طرح پڑھے کہ ہر آیت کے بعد طالب اس کی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے کے کہے اَللّٰهُمَّ الْقِ مَحَبَّةُ عَلٰى قَلْبِ جب سورۃ ختم ہو تو ایک سیاہ مرچ کے دانہ پر دم کر کے کوئلے کی آنچ پر جلائے۔تیس دن صبح بعد فجر کرے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

-10 سات بار درود شریف گیارہ بار الم نشرح پھر سات بار درود شریف اُسترے یا چھری پر دم کرو اور اسے تلی کے مقام پر مارو۔یہ عمل سات دن جاری رکھنا ہے۔تلی غائب ہو جائے گی۔

## خواص سورۃ والتین

1- جس کوٹھی میں غلہ رکھا جاتا ہے۔ اس پر پڑھ کر دم کرنے سے غلے میں برکت ہوتی ہے اور نقصان پہنچانے والے جانوروں سے حفاظت رہتی ہے۔

2- اگر کوئی شخص غائب ہو جائے تو دو ہزار مرتبہ سورۃ پڑھنے سے غائب ہونے والا شخص واپس آجاتا ہے۔

3- 21 دن تک 41 مرتبہ بعد از نماز عشاء دشمنی ختم ہو جاتی ہے۔

4- حمل کے شروع سے اخیر تک روزانہ 11 مرتبہ پڑھکر پانی دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔

## خواص سورۃ القدر

1- تفسیر روح البیان میں ہے کہ جو شخص سورۃ قدر کی تلاوت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے رمضان کے ایک ماہ کے روزے اور شب قدر کی عبادت کا ثواب عطا کرے گا۔

2- جو شخص ایک مرتبہ سورۃ قدر پڑھے اللہ تعالیٰ اپنا اسم اعظم اس کے دل میں داخل کر دے گا۔ اور اس کی ہر جائز حاجت کو پورا کرے گا۔

3- جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار بار سورۃ قدر پڑھے گا مرنے سے پہلے خواب میں حضور ﷺ کی زیارت اس کو نصیب ہو گی۔

4- جو شخص سفر پر روزانہ ہونے سے پہلے ایک مرتبہ سورۃ قدر پڑھے گا وہ بخیریت عافیت سفر سے واپس آئے گا۔

5- جو شخص پاک پانی پر سورۃ قدر پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو اپنے مصلّٰی پر چھڑک دے تو اس مصلّٰی پر جب بھی نماز پڑھے گا نماز قبول ہو گی۔

6- اگر کسی کا لڑکا یا بیوی نافرمان ہو تو اس کی پیشانی کے حصے کے بال پکڑ کر سورۃ قدر دم کرنے سے وہ فرماں بردار ہو جائیں گے۔ مگر یہ عمل بار بار کرنا ہو گا۔

7- سورۃ قدر کی ایک مجرب ترکیب یہ ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت پیش آجائے وہ اس سورۃ کو کتالیس بار پڑھے اور اس کے بعد مندرجہ ذیل دُعا کرے۔ وہ دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ یَکْتَفِیْ عَنْ جَمِیْعِ خَلْقِهٖ وَ لَا یَکْتَفِیْ عَنْهُ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِهٖ یَااَحَدُ مَنْ لَا اَحَدَ لَهٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْکَ وَ خَابَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا فِیْکَ وَانْسَدَّتِ الطُّرُقُ اِلَّا اِلَیْکَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ ☆ ہر مرتبہ اَغِثْنِیْ کا لفظ سات بار کہے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو گی۔ یہ دُعا غربت دور کرنے میں بہت مفید پائی گئی ہے۔

8- اگر کوئی شخص یہ سورۃ چھیالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اسے اپنے کپڑے پر چھڑک دے تو جب تک وہ کپڑا اس کے بدن پر رہے گا اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت دے گا۔

9- اگر میت کو دفن کرتے وقت ایک مٹھی مٹی لیکر اس پر سورۃ قدر پڑھ کر دم کرے اور اس مٹی کو میت کی قبر میں ڈال دے تو میت عذاب قبر سے محفوظ رہے گی۔ (حاشیہ رملی میں لکھا ہے کہ ضروری ہے کہ وہ مٹی اس میت کی قبر کی نہ ہو بلکہ دوسری جگہ سے اٹھائی جائے۔

## خواص سورۃ البینہ

(i)۔ اس سورۃ کو لکھ کر باندھنا اور پینا یرقان اور ہر قسم کے ورم کو مفید ہے۔

(ii)۔ عشاء کے بعد اس سورۃ کو ایک بار پڑھنے سے نفق دور ہوتا ہے۔

## خواص سورۃ الزلزال

1- ترمذی شریف میں ہے کہ یہ سورۃ نصف قرآن کے برابر ہے۔ یعنی ایک بار پڑھنے سے آدھے قرآن کا ثواب ملتا ہے۔ اور اگر کسی مکان میں آسیب ہوں تو اس سورۃ کو کاغذ پر لکھ کر لگانے سے آسیب رفع ہو جاتا ہے۔

2- سوتے وقت اگر کوئی شخص تین بار اس سورۃ کو اس نیت سے پڑھے کہ میں رات کو فلاں وقت اٹھنا چاہتا ہو تو اسی وقت بیدار ہو جائے گا۔

3- کڑوے تیل پر سات بار دم کر کے مالش کرنے سے فالج سے آرام ہوتا ہے۔

## خواص سورۃ العادیات

1- اگر کسی آدمی یا جانور پر نظر بد کا اثر ہو جائے تو اس پر سات بار یہ سورۃ پڑھ کر دم کرنے سے نظر بد کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔

2- درد جگر کی صورت میں اس سورۃ کا زعفران سے کسی کاغذ پر لکھ کر روزانہ تین دنوں تک پینے سے آرام آتا ہے۔

3- اگر قرض دار سات دنوں تک روزانہ سات بار پڑھے تو قرض سے رہائی کی سبیل پیدا ہو جاتی ہے اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھیے۔

## خواص سورۃ التکاثر

1- جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب اس سورۃ کے ایک سو تیرہ 113 بار پڑھنے سے جس مردے سے انسان خواب میں گفتگو کرنا چاہے یا دیکھنا چاہے دیکھ سکتا ہے۔

-2 بعد عصر ایک بار اس سورۃ کو پڑھ کر دم کرنے سے سر کے درد یا آدھے سر کے درد کو آرام ہو جاتا ہے۔

-4 اس سورۃ کے ایک بار پڑھنے سے ایک ہزار آیتوں کا ثواب ملتا ہے۔(حدیث شریف)

خواص سورۃ العصر

-1 اس پاک سورۃ کو سات بار پڑھ کر غم زدہ پر دم کیا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم کو دور فرماتے ہیں

-2 سرمہ کی سلائی پر تین بار دم کر کے سرمہ لگانے سے آنکھوں کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

-3 اگر کسی جگہ مال رکھا جائے اور اس پر ایک مرتبہ یہ سورۃ پڑھ کر دم کر دی جائے تو مال محفوظ رہتا ہے۔

-4 اگر شوہر اور بیوی میں اختلاف ہو تو دونوں میں سے جو اس کی کثرت سے تلاوت کرے گا دوسرے فریق کا دل اس کی طرف مائل ہو جائے گا۔ اس سلسلے میں اس سورۃ پاک کو لکھ کر گلے میں پہننا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

-5 چار ٹھیکروں پر اس سورۃ کو لکھ کے ذخیرے کے چاروں کونوں میں رکھ دیا جائے تو وہ ذخیرہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

## خواص سورۃ فیل

-1 اگر کوئی شخص روزانہ اس سورۃ کو ایک سو بار پڑھے تو اس کا دشمن ہمیشہ سرنگوں رہے گا۔ انشاء اللہ

-2 دشمن سے مقابلے کے وقت اس سورۃ کو پڑھنے سے دشمن پر غلبہ حاصل ہو جاتا ہے۔

-3 امام غزالی نے لکھا ہے کہ جو شخص فجر کی دو رکعتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری میں الم ترکیف یعنی سورۃ الفیل پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دشمن کی دسترس سے محفوظ رکھے گا۔ جماعت کی صورت میں فجر کی دو سنتوں میں اسی طرح پڑھے۔

-4 40 دن تک 313 مرتبہ پڑھیں۔ بلڈ پریشر، شوگر کو آرام ہو جاتا ہے۔

## خواص سورۃ القریش

-1 آندھی کے طوفان یا بارش کے طوفان کو دفع کرنے کے لئے اس سورۃ کو گیارہ 11 بار پڑھنا نہایت مفید ہے

-2 چاندی کے پتر پر اس سورۃ کو محرم کی دسویں تاریخ کو کندہ کرا کر اگر دکان پر لگا دیا جائے تو دکان کی ترقی کے لئے نہایت مجرب عمل ہے۔

-3 کھانے پر دم کر دینے سے وہ کھانا ہر قسم کے نقصان اور نظر بد سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

-4 پانی پر دم کر کے مریض کو پلانے سے درد گردہ دفع ہو جاتا ہے۔

-5 دشمن کی کوششوں کو باطل کرنے کے لئے یہ سورۃ مبارکہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اول و آخر پانچ، پانچ بار درود شریف پڑھیں پھر 101 ایک سو ایک بار یہ سورۃ پابندی کے ساتھ بلا ناغہ۔ جب دشمن کی کوشش باطل ہو جائیں تو تعداد کم کر دیں اور روزانہ 5 مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ یہ سورۃ پھر 5 پانچ بار درود شریف پڑھ لیا کریں۔

-6 محتاج اگر اس سورۃ کو روزانہ ستر 70 بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی محتاجی کو دور کر دیتا ہے۔

-7 اس سورۃ کو کھانے پر دم کر دینے سے کھانے میں برکت ہوتی ہے۔

-8 شوگر، فالج، بواسیر کے لئے مفید ہے۔ بعد نماز عشاء 111 مرتبہ پڑھیں۔

## خواص سورۃ الکوثر

-1 جو شخص شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ یہ سورۃ اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھے تو خواب میں حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

-2 جو شخص اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کر کے تعویذ بنائے اور گلے میں لٹکائے وہ ہمیشہ دشمن پر غالب رہے گا اور دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

-3 اگر کوئی دشمن تکلیف دینے لگے تو اس کا خیال دل میں لا کر تنہائی میں بیٹھے اور روزانہ ایک سو بار اس سورۃ کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ دشمن تکلیف دینا بند کر دے گا۔

-4 اگر کوئی بے اولاد شخص تین ماہ بلا ناغہ روزانہ پانچ سو 500 بار اس سورۃ کی تلاوت کرے انشاء اللہ صاحب اولاد ہو جائے گا۔

-5 اگر کسی کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو اکتالیس دنوں تک روزانہ سات سو بار اس سورۃ کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ اس کی اولاد زندہ رہے گی۔

-6 بارش ہونے کے وقت اگر اس سورۃ کو ایک سو بار پڑھ کر دعا مانگی جائے تو وہ قبول ہوگی۔ مجرب ہے

-7 عرق گلاب پر یہ سورۃ سات بار پڑھ کر دم کر کے آنکھوں میں ڈالنے سے آنکھوں کی روشنی بڑھ جاتی ہے۔ اور بیماری دور ہو جاتی ہے۔

-8 جس مکان پر جادو کیا گیا ہو اس میں بیٹھ کر یہ سورۃ پڑھنے سے جادو دفع ہو جاتا ہے یا پتہ لگ جاتا ہے کہ جادو کہاں دفن کیا گیا ہے۔

-9 روزانہ 71 بار پڑھنے سے قیدی رہا ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے

-10 تنہائی کی جگہ اگر ایک ہزار بار یہ سورۃ پڑھی جائے اور اس کے بعد دعا کی جائے تو انشاء اللہ ہر قسم کی جائز مراد پوری ہو جائے گی۔ بزرگان دین کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

11- اگر کسی کے ساتھ محبت ہو جائے اور وہ نہ مانے روزانہ سورۃ کوثر 300 اوّل وآخر 11-11 بار درود شریف دوپہر 12 بجے شروع کریں روزانہ۔ انشاء اللہ جلد رجوع کرے گا۔

12- سورۃ کوثر سات سات مرتبہ پرانی قبر کی خاک (یعنی مٹی) پر تھوڑی تھوڑی مٹی سات قبروں سے لے کر ہر مٹی جدا جدا دم کر کے کپڑے میں باندھ کر ڈال دے۔ جہاں جھاڑو نہ کیا جائے۔ اسی طرح دشمن کا گھر ویران کرنے کیلئے ہے۔

## خواص سورۃ الکافرون

1- اس سورۃ پاک کا ہمیشہ پڑھنا کفر اور نفاق سے دل ودماغ کو محفوظ رکھتا ہے اور خاتمہ بالخیر ہونے کی امید ہوتی ہے۔

2- حضور ﷺ فجر کی سنتوں کی پہلی رکعت میں یہ سورۃ اور دوسری میں قل ھو اللہ پڑھا کرتے تھے۔

3- جو شخص اس سورۃ کو طلوع آفتاب کم از کم ایک بار پڑھے ہر قسم کے شر و آفت سے محفوظ رہے گا۔ مجرب ہے۔

4- ترمذی شریف میں ہے کہ اس سورۃ کا ایک بار چوتھائی قرآن کی تلاوت کے برابر ہے۔

5- اگر کوئی اتوار کے دن سورج نکلنے کے وقت اس سورۃ کو دس بار پڑھ کر اپنی حاجت کے لئے دُعا اللہ سے کرے تو اللہ کے حکم سے مراد پوری ہوگی۔

## خواص سورۃ النصر

1- ہر مراد کے حاصل ہونے کے لئے اس سوۃ کو ایک سو تیئس 123 مرتبہ ایک مقررہ وقت پر سترہ 17 دن تک پڑھنا نہایت مفید ہے۔ تنہائی میں پڑھے اور اپنی مراد دل میں جمائے رکھے۔

2- پانچوں وقتوں کی ہر نماز کے بعد سات بار اس سورۃ کو پڑھنے سے اٹکا ہوا کام ہو جاتا ہے۔

3- کثرت سے اس سورۃ کی تلاوت فقر وفاقہ دور کرتی ہے۔

4- لڑکیاں نہ لڑکا جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو سورۃ العصر کو لکھ کر عورت کی کمر سے باندھے۔ جب عورت ناپاک ہو تو کھول ڈالے۔

## خواص سورۃ تبت

1- اگر درد کی جگہ پر اس سورۃ کو لکھ کر باندھ دیں تو درد کم ہو جائے گا۔

## خواص سورۃ اخلاص

1- حدیث شریف میں ہے کہ اس سورۃ کی تلاوت ایک تہائی قرآن کی تلاوت کے برابر ہے۔ تین بار

پڑھنے سے پورے قرآن پاک کے پڑھنے کا ثواب ہوتا ہے۔

-2 حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص اس سورۃ کی تلاوت ہر رکعت میں کرتا تھا۔تو حضور ﷺ نے اس سے پوچھا کہ وہ ایسا کیوں کرتا ہے۔ اس نے عرض کی کہ میں اس سورۃ سے محبت کرتا ہوں تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کی محبت تجھے جنت میں لے جائے گی۔

-3 تفسیر روح البیان میں ہے کہ جو شخص فجر کے بعد گیارہ بار یہ سورۃ پڑھ لے تو شیطان کی کوشش کے باوجود اس سے اس دن کوئی گناہ سرزد نہ ہوگا۔

-4 طبرانی شریف میں ہے کہ جو شخص روزانہ پچاس مرتبہ اس سورۃ مبارکہ کو پڑھے گا قیامت کے دن اسے ندا دی جائے گی کہ (اے اللہ کی تعریف کرنے والے اپنی قبر سے اُٹھو)

-5 مٹی کی طشتری پر بسم اللہ کے ساتھ سات مرتبہ یہ سورۃ لکھ کر بیمار کو پلایا جائے اللہ تعالیٰ اسے صحت دے گا۔

## خواص سورۃ الفلق والناس (خواص معوذتین)

-1 جو شخص ان دونوں سورتوں کو ہر رات کم از کم تین مرتبہ پڑھ لیا کرے جنوں، انسانوں اور ہر قسم کے وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

-2 کسی حاکم کے پاس جانے سے پہلے اگر ان دونوں سورتوں کو پڑھ لیا جائے تو حاکم مہربان ہو جائے گا۔

-3 ہر قسم کے درد، بیماری، جادو، سحر، نظر بد کو دفع کرنے کے لئے ان دونوں سورتوں کی تلاوت اکسیر ہے۔ انہیں بدن پر دم کرنا اور لکھ کر باندھنا بھی مفید ہے۔

-4 اگر ان دونوں سورتوں کو لکھ کر موم جامہ کروا کر بچوں کے گلے میں پہنا دیا جائے تو وہ نظر بد اور ام الصبیان سے محفوظ رہتے ہیں

-5 جادو کے لئے ان سورتوں کو سو بار پڑھ کر مریض پر دم کرنا یا پانی پر دم کر کے پلانا اور اسے غسل دینا بہت مفید ہے۔ مجرب عمل ہے۔

## آیت الکرسی

آیت الکرسی کو حدیث اُبی کعب میں اَعۡظَمُ ایٰۃِ اللّٰہ قرار دیا گیا ہے۔ دوسری رویت میں اتنا اور زیادہ کیا گیا ہے۔ ’’قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اس آیت کی ایک زبان اور دو لب ہیں۔ یہ ساق عرش کے قریب اللہ جل شانہ کی تقدیس کرتی ہے۔‘‘ حدیث ابوہریرہ اس کو سید ایات القران کہا گیا ہے۔

دفع بلغم:- دیربی نے لکھا ہے۔ کہ جو شخص عارضہ بلغم میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ نمک کی سات چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے کر اور ان میں سے ہر ایک پر سات مرتبہ ''آیت الکرسی'' پڑھے اور سات روز نہار منہ اس کو استعمال کرے۔ انشاء اللہ مرض سے نجات پائے گا۔

دفع صرع (مرگی):- اگر مرگی کے مریض پر گیارہ بار یہ آیت پڑھی جائے تو اس کو فوراً افاقہ ہوگا۔ اور اس کے بدن سے مرض ختم ہوگا۔ (دیربی)

حفظ از امراض ومکروہات:- تمام بیماریوں اور مکروہات زمانہ سے محفوظ رہنے کے لیے آیۃ الکرسی کا مندرجہ ذیل عمل صحیح اور ہے۔ اس کو علامہ ابوالیسر قطان، خلیفہ شیخ کریم الدین الخلوتی نے شیخ ومرداش سے نقل کیا ہے۔ اور دیربی نے اپنی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے۔ "ماہ محرم کی پہلی تاریخ کو آیت الکرسی تین سو ساٹھ مرتبہ بسملہ کے ساتھ پڑھی جائے۔ اور بعد فراغ یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ یَا مُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالِیْ اِلٰی اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ بِحَوْلِکَ وَ قُوَّتِکَ یَاعَزِیْزُ یَامُتَعَالُ. وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ (اے میرے پروردگار! اے بدلنے والے احوال کے! میرے حال کو اپنی قدرت وقوت سے بہترین احوال میں بدل دے۔ اے ہر شے پر غالب اور برتر خدا! اسی طرح صالحین سے مروی ہے۔'' شب عاشورہ محرم کو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور یہ آیت اڑتالیس 48 مرتبہ پڑھے۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا هُوَخَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ☆ پھر اس طرح دعا کریں۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ لَیْلَةٌ' جَدِیْدَهٌ' وَ شَهْرٌ' جَدِیْدٌ' وَ سَنَةٌ' جَدِیْدَةٌ' فَاَعْطِنِی اللّٰهُمَّ خَیْرَهَاوَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَ اصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّهَا وَ شَرَّمَا فِیْهَا وَ شَرَّ النَّفْسِ وَ الْهَوٰی وَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ☆ اس دعا کی تکرار بارہ مرتبہ کی جائے۔ پھر درود وسلام نبی رحمت ﷺ پر بھیجے اور چند بار تسبیح وتہلیل کرے پھر تمام مسلمانوں کے لئے دعا کرے۔'' فَیَکُوْنُ مَحْفُوْظاً فِیْ عَامٍ مِنْ سَائِرِ الْاَسْوَاءِ وَالْاَمْرَاضِ. وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ'' ☆

## خواص سورۃ صف

1- اگر کسی کا لڑکا نا خلف یعنی نافرمان ہو اور والدین اور بزرگوں کی اطاعت نہ کرتا ہو۔ تو تین بار پڑھ کر اس پر دم کریں۔ کچھ دن یہ عمل جاری رکھیں فائدہ ہوگا۔

ڈنک کا مداوا

ترکیب: یہ ہے کہ جس جگہ ڈنک مارا ہو وہ جگہ چٹکی سے دبائے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر پھونکے، دوسری مرتبہ سات مرتبہ، تیسری مرتبہ گیارہ مرتبہ، چوتھی مرتبہ اکیس دفعہ، انشاء اللہ تکلیف بالکل دور ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ o

سورۃ المآیدہ

اگر کسی عورت کے خاوند نے کسی ناجائز عورت سے تعلق کر رکھا ہو تو 1000 ایک ہزار بار اس آیت کا گیارہ روز تک پڑھنا پھر ہر روز پانی یا کھانے کی چیز پر دم کر کے خاوند کو کھلانا بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ اس ناجائز عورت سے خود بخود نفرت ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَ الطَّيِّبُ وَ لَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ o (آیت نمبر 100)

سورۃ النجم

زوجین میں اتفاق بڑھانے کے لئے اس مبارک آیت کو زعفران سے لکھ کر تعویذ کو حنا کا عطر لگا کر عورت اپنے پاس تعویذ چاندی میں بنا کر رکھے نہایت مجرب ہے اور مفید ہے۔ آیت مبارک کے لکھنے سے پہلے تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر تین بار آیت کو لکھے۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰى o لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى o

سورۃ ممتحنہ

جو عورت اپنے خاوند سے طلاق چاہتی ہو، اور اس کا خاوند طلاق نہ دیتا ہو وہ عورت اس سورۃ کو گیارہ روز تک گیارہ مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ کوئی صورت اس کی رہائی کی ہو جائے گی۔ یا کسی کی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس سورہ کو پانچ بار روزانہ پڑھی جائے تو اس کا نکاح کسی نیک بخت مرد سے ہو جاتا ہے۔

خواب میں ڈرتا ہو

اگر کوئی شخص خواب میں ڈرتا ہو تو اسے چاہیے کہ رات سونے سے پہلے وضو کر کے چارپائی پر لیٹ جائے تین 3 دفعہ یہ آیت پڑھے۔

اعوذ باالله من الشيطن الرجيمo و لا يوده حفظهما و هو العلي العظيم o

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم ☆ وصلی الله تعالی علی خیر خلقه سیدنا محمد وآله و صحبه اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ☆

وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین☆